# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ ،08ستمبر 2017ء

### حلقہ این اے120 میں بائیو میٹرک مشینوں کی تجرباتی مشق۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان این اے 120 لاہور میں ہونے والے ضمنی انتخاب میں 100 بائیو میٹرک مشینوں کو تجرباتی بنیادوں پر 39 پولنگ اسٹیشنز پر آزمائے گا۔ بائیو میٹرک مشینوں کا DEMO 12 ستمبر 2017 کولاہور میں دیا جائے گا جس میں امیدواران اور میڈیا کے نمائندے بھی بائیو میٹرک مشینوں کے عملی طور کئے جانے والے مظاہرے کو دیکھ سکیں گے۔ بائیو میٹرک مشینوں پر بریفنگ کے دوران ریٹرننگ آفیسر اور ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسرز بھی وہاں پر موجود ہوں گے۔ بائیو میٹرک مشینوں کا تجرباتی بنیادوں پر استعمال انتخابی عمل میں شفافیت لانے کے لئے کیا جارہاہے۔ مشین کے استعمال میں ووٹروں کی مختلف سہولتوں اور دشواریوں کا بغور جائزہ لیا جائے گا۔ایک ووٹر کی تصدیق 15 سے 18 سیکنڈ میں متوقع ہے۔ بائیو میٹرک مشینیں سیاسی پارٹیوں اور مختلف امیدواروں کی خواہش کے پیش نظر تجرباتی بینادوں پر استعمال کی جارہی ہیں۔ یہ مشینیں تجرکار آپریٹرز چلائیں گے۔

2۔ اس پائلٹ ٹیسٹنگ کا تعلق حلقہ این اے 120 کے الیکشن سے نہیں ہے اور نہ ہی اس کے نتائج مذکورہ بالا الیکشن پر اثرانداز ہونگے۔ یہ صرف ایک تجرباتی مشق ہے اور ایک پاکستانی آئی ٹی فرم جو اس تجرباتی مشق میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کو تکنیکی معاونت فراہم کررہی ہے۔

3۔ بائیو میٹرک مشینوں کے اس تجرباتی عمل سے اس بات کا بھی بخوبی اندازہ لگایا جاسکے گا کہ یہ مشین کتنی محفوظ، مضبوط، قابل اعتماد اور مطلوبہ نتائج پر پورا اترتی ہے ؟

4۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان تمام ووٹران حلقہ این اے 120 سے پرزور اپیل کرتا ہے کہ بائیو میٹرک مشین کو استعمال کریں تاکہ ان مشینوں کی کارکردگی کا بخوبی جائزہ لیا جاسکے اور آئندہ آنے والے عام انتخابات میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو ممکن بنایا جاسکے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆